پروفیسر محمد یٰسین مظہر صدیقیؒ

(۱۹۴۴-۲۰۲۰ء)

مجلّہ علوم اسلامیہ جلد ۳۷، ۲۰۲۰-۲۰۲۱ء کی

خصوصی اشاعت

ادارہ علوم اسلامیہ

علی گڑھ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ، انڈیا

ISBN : 978-93-91456-04-7

نام کتاب	:	پروفیسر محمد یٰسین مظہر صدیقیؒ (۱۹۴۴-۲۰۲۰ء) مجلّہ علوم اسلامیہ جلد ۳۷، ۲۰۲۰-۲۰۲۱ء کی خصوصی اشاعت
نگراں	:	پروفیسر محمد اسماعیل، صدر شعبہ
مدیر اعلیٰ	:	پروفیسر عبید اللہ فہد (مرتب)
مدیر	:	پروفیسر عبدالحمید فاضلی
مدیر رفیق	:	ڈاکٹر ضیاء الدین فلاحی (مرتب)
صفحات	:	۲۲۸
سن اشاعت	:	۲۰۲۲ء
تعداد	:	۲۰۰
قیمت	:	۶۰۰ روپے
پبلشر و پرنٹر	:	پبلیکیشن ڈویژن، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

مقالہ نگاروں کی رائے سے ادارہ کا متفق ہونا ضروری نہیں ہے

ادارہ علوم اسلامیہ، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی ۲۰۲۰۰۲

پروفیسر محمد یلیین مظہر صدیقی کی ولی اللہ شناسی

ڈاکٹر ضیاء الدین فلاحی

شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ (۲۱رفروری ۱۷۰۳ء-۲۰راگست ۱۷۶۲ء) کے تجدیدی کارناموں اور مجددانہ شخصیت کا تعارف وتجزیہ ہر زبان اور ہر اس ملک میں ہو چکا ہے جہاں اسلام اور مسلمان آباد ہیں۔قرآن وسنت کی علمی، عقلی اور تحقیقی بازیافت میں ولی اللہ کا کارنامہ ان سے قبل وبعد میں زریں حروف میں تحریر کیے جانے کا مستحق ہے۔ اسلامی شریعت کی موثر، مثبت اور معتدل تعبیرات کا جائزہ ان کی عربی وفارسی کتب ورسائل کے حوالوں سے جن شارحین نے کیا ہے ان میں ایک نمایاں نام استاذ گرامی پروفیسر محمد یلیین مظہر صدیقیؒ (۱۹۴۴ء-۲۰۲۰ء) کا ہے۔ حضرت شاہ کے افکار ونظریات کے نتیجے میں ہندو بیرون ممالک کے علمی، تہذیبی اور ثقافتی اثرات کی ابعاد وجہات کافی وسیع وعریض ہیں، جن پر الگ سے کام کرنے کی ضرورت ہے۔

سطور ذیل میں پروفیسر صدیقی کی ان نگارشات کا ذکر وتعارف مقصود ہے جو شعبۂ اسلامک اسٹڈیز، شاہ ولی اللہ ریسرچ سیل اور حضرت شاہ ولی اللہ اکیڈمی پھلت ضلع مظفر نگر کی جانب سے مختلف سالوں میں سامنے آتی رہی ہیں، جن کا اشاریہ کچھ اس طرح ہے:

کتب ورسائل

۱- شاہ ولی اللہ کا فلسفہ وسیرت، شاہ ولی اللہ ریسرچ سیل، ادارہ علوم اسلامیہ، مسلم یونیورسٹی، اکتوبر ۲۰۰۰ء، صفحات: ۱۱۴

۲- حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی، شخصیت وحکمت کا ایک تعارف، شاہ ولی اللہ ریسرچ سیل، ادارہ علوم اسلامیہ، مسلم یونیورسٹی، فروری ۲۰۰۱ء، صفحات: ۴۸

۳- الامام الشاہ ولی اللہ الدھلوی عرض موجز لحیاتہ وفکرہ، شاہ ولی اللہ ریسرچ سیل، ادارہ علوم اسلامیہ، مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ، تقریب، سید علیم اشرف الجائسی، فروری ۲۰۰۱ء، صفحات: ۸۵

۴- Shah Waliullah Dehlavi: An Intorduction to His Illustrious Personality and Achievements, tr. by Prof. Abdul Raheem Kidwai, Shah Waliullah Research cell Institute of Islamic Studies, A.M.U., Aligarh, 202002,48pp

۵- حجۃ اللہ البالغہ، ایک تجزیاتی مطالعہ، مجلہ علوم اسلامیہ کی خاص اشاعت، مرتبہ: پروفیسر محمد یلیین مظہر صدیقی، شاہ